## سوال

رجانے(کا249) کفارہ

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

سی کے ہاتھ سے غیر اختیاری طور پر قرآن شریف گر جائے تو اس کے کفارے میں بعض کہتے ہیں اس میں دس درہم صدقہ کرنا ہے کیا حکم ہے؟ (سرتاج)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

م السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ولا حول ولا قوة الا باللہ۔

احتیاط اور داہنے ہاتھ سے مضبوط پکڑنے کے علاوہ اس کا کوئی کفارہ نہیں۔

ہ تعالیٰ فرماتے ہیں:

وا ماء اتَینٰکُم بِقُوَّةٍ وَ...٦٣. سورة البقرة

لہا) جو ہم منے تمہیں دیا ہے اسے مضبوطی سے تھام لو)

ں آیت کے تحت ظاہری طور پر تھامنا بھی داخل ہے۔جس طرح اس سے عمل کرنا مراد ہے 'اور اس پر اللہ سبحان وتعالیٰ سے استغفار لازم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس امت کے لیے خطاء اور نسیان معاف فرمادی ہیٹ۔

ب وہ کہتے ہیں:

رَبَّنا لا تُؤاخِذنا إِن نَسينا أَو أَخطَأنا ...٢٨٦. سورة البقرة

مارے رب! اگر ہم بھول گئے ہوں یا خطا کی ہو تو ہمیں نہ پکڑنا) الخ۔

م: (1/78)'

ر: (1/341)

اور جو دس درہم کے صدقے کا کہا جاتا ہے تو ہم نے اس کی کوئی دلیل نہیں دیکھی ہاں حائضہ عورت سے جماع کرنے کے صدقے کا ذکر آیا ہے جو ہم کتاب الطہارہ میں ذکر کریں گے۔ ان شاء اللہ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ الدین الخالص](#)

ج1ص91

محدث فتویٰ